ھوالشافی
مجربات مسیح الملک
حکیم علی ضیاء
کتب خانہ طبیب

مجربات

حضرت مسیح الملک مرحوم اوران کے خاندان کے مجربات کی قدر وقیمت عام طور پر معلوم ہے۔ ان میں سے کچھ نسخے رموزِ مطب میں درج کردیئے گئے ہیں۔ ذیل میں ان کے چند خاص مجربات دیئے جاتے ہیں۔ یہ ہندوستانی دواخانہ دہلی سے مل سکتے ہیں۔ جہاں ان کو پورے احتیاط کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے۔

۱ **اطریفل غددی** ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ ۴ ماشہ۔ افتیمون ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تربد سفید مجوف۔ سناکی ہر ایک ۲ تولہ ۴ رتی۔ غاریقون۔ زرنباد۔ شیطرج۔ نوشادر ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ افسنتین۔ تخم سنبل الطیب قرنفل۔ جوزبوا۔ مصطگی رومی پسی ہوئی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بکری کی گردن کی خشک شدہ گلٹیاں ۱ تولہ ۴ رتی۔ بسفائج فستقی۔ اسطوخودوس ہر ایک ایک تولہ ۵ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ۳ گنا شہد میں ملاکر اطریفل بنائیں۔

افعال ومنافع۔ خنازیر اور کنٹھ مالا کو مفید ہے۔ فضلاتِ دماغی اور معدی کو نکالتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک تولہ عرق سونف ۱۲ تولہ کے ہمراہ بوقت صبح کھائیں۔

پرہیز۔ غلیظ غذاؤں مثلاً مسور۔ لوبیا وغیرہ سے قطعاً پرہیز کریں۔

۲ **برود کافوری** سنگ بصری ۱ تولہ۔ کافور ۴ ماشہ ملاکر کھرل کریں۔ اور کپڑے میں چھان کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

افعال ومنافع۔ آنکھوں کی سرخی اور ان کی گرمی کو زائل کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔

مقدار استعمال۔ صبح۔ دوپہر۔ شام کو سرمے کی طرح آنکھوں میں لگائیں۔

۳ **توتیائے کبیر** سنگ بصری ۲ تولہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ قرنفل۔ فلفل گرد۔ مرداسنگ ناسفتہ ہر ایک ایک ماشہ

افعال وخواص۔ اعضائے رئیسہ کو قوی کرتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کے لئے اکسیر ہے۔ دستوں کی شکایت دور کرنے میں عجیب الاثر اور نہایت سریع التاثیر ہوتی ہے۔

خوراک دو چاول ہمراہ جوارش بسباسہ ۷ ماشہ۔

ترکیب۔ اول سنگ بصری کو گرم کرکے گائے کے پیشاب میں ایک سو ایک مرتبہ بجھا دیں۔ اور کوئلہ کی آنچ پر سرخ کرکے پانی میں بجھا کر اس کا پوست دور کردیں۔ پھر سب دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور مسکہ (قدر حاجت) ملاکر عرق لیموں کاغذی میں اس قدر کھرل کریں۔ کہ چکناہٹ زائل ہوجائے۔ اس کو خشک کرکے محفوظ رکھیں۔

۴ **جوہر منقی** — سم الفار تولہ۔ رسکپور تولہ۔ دارچکنا تولہ۔ شراب برانڈی قسم اول میں چند پہر کھرل کرکے بطریق معروف جوہر اڑالیں۔

افعال ومنافع — آتشک کے لئے عجیب الاثر ہے۔ سوداوی بیماریوں میں نہایت سودمند۔

مقدار خوراک — ۲ چاول منقی کے دانہ میں رکھ کر بلا چبائے نگل جائیں۔ لیکن دانتوں کو نہ لگے۔ دوران استعمال میں گھی دودھ جس قدر ہوسکے کھائیں۔

۵ **جواہر مہرہ** — زہر مہرہ خطائی ۱/۲ تولہ۔ مروارید ناسفتہ پسد کہربائے شمعی۔ لاجورد مغسول۔ یاقوت سرخ یاقوت کبود۔ یاقوت صفر یشب زمرد عقیق سرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ ورق طلا۔ جدوار خطائی۔ نارجیل خطائی۔ عنب الثعلب۔ مشک۔ مومیائی ہر ایک ۳ ماشہ۔ عرق گلاب میں دو ہفتہ کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

افعال وخواص — دل۔ دماغ۔ جگر غرضیکہ جملہ اعضائے رئیسہ کی تقویت کے لئے ایک خاص چیز ہے تمام کمزوری کو رفع کرتا ہے۔ اور ضعف قلب۔ اختلاج اور صرع کے دوروں میں نہایت مفید اور بہت زود اثر ثابت ہوا ہے۔

خوراک — دو چاول کی برابر خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار یا دواءالمسک معتدل جواہر دار یا کسی اور مناسب دوا اور بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

۶ **جوہر سین** — سنکھیا ۲ تولہ کو شراب برانڈی قسم اول میں خوب کھرل کرکے جوہر اڑالیں۔

افعال وخواص — مقوی معدہ و باہ ہے۔ استسقاء میں نافع بلغمی بخار میں سودمند ہے۔ قوت مردمی کے لئے ۲ چاول۔ لبوب کبیر ۲ ماشہ معجون لاؤنی جالینوس کے ساتھ اور استسقاء کے لئے ۲ چاول معجون دبید الورد ۲ ماشہ کے ساتھ اور بخار میں مویز منقی میں رکھ کر پانی کے ساتھ نگل جائیں۔

۷ **جوہری** — سم الفار۔ رسکپور۔ دارچکنا ہر ایک ہموزن شراب برانڈی قسم اول چھ گنا میں اچھی طرح کھرل کرکے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔

افعال ومنافع — آتشک کے لئے اکسیر ہے۔ اور تمام سوداوی امراض کو فائدہ دیتی ہے۔

مقدار خوراک — ایک چاول کیپشول کے اندر رکھ کر نگلوائیں۔ ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

۸ **حب لیموں** — مردار سنگ ۲ تولہ۔ کتھہ سفید تولہ۔ حب النیل تولہ۔ پوست الائچی کلاں سوختہ تولہ۔ فوفل کہنہ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ ان سب اجزا کو ۲۰۰ عدد کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ بعد ازاں لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستے سے گھوٹیں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

افعال ومنافع — آتشک کے لئے نہایت مفید ہے۔ امراض سوداوی کو زائل کرتی ہیں۔ وجع مفاصل میں (جو آتشک کی وجہ سے ہو) بہت سودمند ثابت ہوتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

مقدار خوراک۔ ایک گولی صبح اور ایک شام پانی سے نگل لیں۔ مونگ کی دال اور گھیا کدو ہرگز نہ کھائیں۔

۹ **حب عنبر مومیائی** مومیائی۔ مصطگی۔ مروارید۔ طباشیر۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ جوز بوا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید دارچینی۔ شقاقل مصری۔ زنجبیل۔ دردونج عقربی۔ عود ہندی۔ ثعلب مصری۔ جدوار خطائی ہر ایک ۶ رتی۔ عنبر۔ مشک ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ روغن پستہ بقدر ۹ دانے۔ ورق طلاء ۵ عدد بطریق معروف دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

افعال و منافع۔ قوت باہ کو بڑھاتی اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی اور بدن میں چستی وچالاکی پیدا کرتی ہیں۔

مقدار خوراک۔ ایک ایک گولی صبح و شام۔ دودھ بالائی یا مکھن میں رکھ کر کھائیں۔

۱۰ **حب مروارید ی** سہاگہ نیم بریاں۔ مازو سوختہ ہر ایک تولہ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ کچلہ مدبر ہر ایک تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ عنبر اشہب ہر ایک ۱ تولہ۔ عرق گلاب بقدر حاجت میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

افعال و منافع۔ سیلان رطوبت رحم کے واسطے بہت نافع ہے۔ قصادرمثلی میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک۔ ایک گولی صبح اور ایک شام۔

۱۱ **حب بواسیر خونی** ریٹ ۲ تولہ۔ گیرو ۴ تولہ در آب گندنہ وبکسپرو سائیدہ حبوب بقدر نخود باندھیں چہار یوم بوقت صبح ہمراہ آب کھائیں۔

۱۲ **حب جاریدہ بریان** سنگھاڑہ خشک ۳ ماشہ۔ تبلوچن ۳ ماشہ۔ کتھہ سفید ۱ تولہ بڑھ کے دودھ میں کھرل کرکے دانہ نخود کے برابر حبوب بنالیں۔ اور تین حب ہمراہ آب تازہ روٹی کھانے کے بعد استعمال کریں۔

۱۳ **حب ممسک خاص** مشک خالص ۸ سرخ۔ افیون ۷ سرخ۔ زعفران ۱۴ سرخ۔ شنگرف ۸ سرخ۔ دارچینی ۸ سرخ۔ مازو ۴ سرخ۔ ریگ ماہی ۸ سرخ۔ بکھکنی ۴ سرخ۔ کائپھل ۳ سرخ۔ لونگ ۲ سرخ۔ ورق نقرہ ۴ سرخ۔ ورق طلا ۴ سرخ کوٹ چھان کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ تازہ کھائیں۔ اور دو گھڑی کے بعد جماع میں مشغول ہوں۔

۱۴ **حب ممسک** مبہی اور ممسک ہیں۔ سرعت کو زائل کرتی ہیں۔ جماع سے ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ۔ شنگرف۔ جوز بوا۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شہد ہر ایک مساوی الوزن لے کر حب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

۱۵ **حب مقوی و ممسک** مقوی باہ و ممسک ہیں۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہیں۔ اس کے متواتر

استعمال سے افیون اور چنڈو کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ سوتے وقت ایک گولی ہمراہ شیرۂ گاؤزبان استعمال کریں ۔

نسخہ۔ نارجیل ۴ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ جدوار ۳ ماشہ حسب معمول موٹھ کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں ۔

۱۶ **حبوب سیلان الرحم** سہاگہ نیم بریاں تولہ۔ مازو نیم سوختہ تولہ مصطگی ۲ تولہ۔ مروارید ۲ ماشہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ سفوف کچلہ مدبر تولہ سب کو عرق گلاب میں گھس کر حبوب نخودی بنالیں۔ خوراک دو حب صبح و شام

۱۷ **حب احتباس طمث** صبر سقوطری زرد ۲ ماشہ۔ ہیرا کسیس سفیدی مائل ۱۱ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ پانی میں باریک پیس کر تین حب بنالیں۔ ایک صبح ایک ظہر ایک وقت خواب ہمراہ عرق بادیان ۵ یا ۱۰ تولہ چار پانچ روز تک یہ وزن بعض اوقات گرمی کرتا ہے کم کرلینا چاہیئے ۔

۱۸ **خمیرہ ابریشم ارشد والا** ابریشم مقرض ۲۴ تولہ۔ عود غرقی ۴ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست ترنج۔ مصطگی۔ قرنفل۔ دانہ ہیل۔ ساذج ہندی ہر ایک ۷ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ ادویہ کو کپڑے میں باندھ کر مع ابریشم۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک۔ گلاب۔ آب سیب شیریں۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۴۰ تولہ۔ آب باراں ۲ سیر میں جوش دیں جب پانی کا وزن خشک ہوجائے تو شہد خالص پاؤ سیر اور قند سفید ۳ پاؤ میں ملاکر قوام کریں آخر قوام میں عنبر اشہب ۶ ماشہ حل کرکے شامل کریں۔ جب قوام سرد ہوجائے۔ تو ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ تولہ۔ یاقوت رمانی۔ یشب سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ کہربائے شمعی۔ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ حل کرکے خوب اچھی طرح ملالیں ۔

افعال ومنافع۔ تمام اعضائے رئیسہ کو قوی کرتا ہے۔ امراض سوداوی اور نزلہ حار میں بہت مفید ہے۔ دل کی گھبراہٹ دُور کرتا ہے۔ خیالات فاسدہ کی اصلاح کرتا ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ عرق گذرہ تولہ یا دیگر بدرقہ مناسب ۔

۱۹ **دوائے سوزاک** گندھک ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ دونوں کو پیس کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں ایک دوسری کڑاہی اس کے اوپر ڈھک کر دونوں کو گل حکمت کرکے دیگدان پر رکھ کر نیچے ہلکی ہلکی آنچ جلائیں۔ یہاں تک کہ دہ مثل مائدے کے ہوجائے۔ حل کرکے پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ ملاکر محفوظ رکھیں ۔

افعال ومنافع۔ پرانے نئے سوزاک میں اکثر مفید پڑتی ہے۔ اچھی دوا ہے ۔

مقدار خوراک۔ ½ ۱ ماشہ شربت بزوری کے ہمراہ دیں ۔

۲۰ **دوائے ڈپٹی صاحب** مرچ سیاہ دکنی ۱۰ تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۹ ماشہ (دو سیر دودھ میں مدبر کیا ہوا)

سیماب اتولہ۔ قلعی ۹ ماشہ۔ قلقلدر از ۳ ماشہ قلعی کو پگھلا کر سیماب کے ساتھ ملا دیں۔ اور باقی تمام دوا کو باریک پیس کر ان کے ساتھ ملائیں۔ اور اچھی طرح کھرل کریں۔

افعال و منافع۔ جریان ضعف معدہ۔ ضعف باہ اور عورتوں کے سیلان الرحم اور کثرت طمث کو مفید ہے۔

مقدار خوراک۔ دو چاول معجون آردخرما ۱ ماشہ یا مکھن ۲ تولہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

۴ **دوائے دراج۔** سنگرہنی کے لئے بہت مفید ہے۔ حکیم علی گیلانی کی مجوزہ ہے۔ ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ تیتر کو ذبح کر کے آلائش اندرونی سے پاک و صاف کریں بعد ازاں سماق۔ انار دانہ مساوی پیس کر اس کے پیٹ میں بھریں۔ اور گل حکمت کر کے آگ میں رکھیں۔ یہاں تک کہ وہ کوئلہ ہو جائے۔ اس کے ہموزن نان گندم سوختہ ملا کر سفوف بنا لیں۔

دوائے بیاض۔ بیاض۔ ناخونہ۔ دھند۔ جالا کے لئے مجرب۔ نبات نیم درم مرچ سفید دانہ الائچی خورد سنگ بصری۔ مغز تخم سرس۔ پھٹکڑی سفید شیشہ ہر ایک ایک درم۔ زردی خرمہرہ ۸ عدد وشل سرمہ باریک کریں۔ اور سرمہ کی طرح لگائیں۔

روغن لبوب سبعہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز اخروٹ بموزن کوٹ کر گرم کر کے بطریق معروف نچوڑ کر روغن حاصل کریں۔

افعال و منافع۔ دماغ میں تری پیدا کر کے خشکی دور کرتا ہے۔ اور گہری نیند لاتا ہے۔ ناک کے زخم کو بھرنے میں بھی سود مند ہے۔ سر پر مالش کر کے خوب جذب کرنا چاہئے۔

مقدار خوراک۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔

روغن سیر۔ لہسن ۲۰ تولہ کوٹ کر روغن کنجد ایک سیر میں پکائیں۔ جب پانی جل جاوے۔ روغن کو صاف کر لیں۔

افعال و منافع۔ جوڑوں کے دردوں کے لئے بہت مفید ہے۔ مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔

مقدار خوراک۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔

روغن تقویت باہ۔ مالکنگنی ۴ درم۔ گندھک آملہ سار ۳ درم۔ کلونجی سیاہ ۲ درم۔ کچلہ نیم درم۔ چرچرہ سفید ۲ درم۔ بیخ کنیر سفید ۴ درم۔ بچھناگ ۴ ماشہ سب کو کوٹ کر کے شیر گاؤ میں تر کریں۔ اور سات روز تک پڑا رہنے دیں۔ مگر بچھناگ کو علیحدہ سرگین میں جوش دیں۔ پھر سب کو ایک جگہ کر کے پاتال جنتر کے ذریعے روغن کشید کریں۔ چنے کی دال کے برابر پان میں لگا کر کھلا دیں۔ اور اسی قدر مالش بھی کریں۔ خصوصاً عصبی کمزوری کے لئے بیحد مفید ہے۔

روغن عقرب عقرب زندہ ۲۰ عدد کو روغن کنجد ایک سیر میں جلا کر روغن صاف کریں ÷

افعال و منافع ۔ سنگ مثانہ کو توڑتا اور بواسیر کے مسّوں کو گراتا ہے ÷

ترکیب استعمال ۔ پتھری کے لئے دو تین قطرے احلیل میں ٹپکائیں ۔ اور مسّوں پر روئی کے پھاہے سے لگائیں ÷

سفوف املاح کھار بھنگ ۲ تولہ ۔ کھار نکچھکنی ۲ تولہ ۔ کھار پودینہ ۲ تولہ ۔ کھار مولی ۲ تولہ ۔ کھار برگ کاسنی ۲ تولہ ۔ ست اجوائن ۱۰ تولہ تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں ÷

افعال و منافع مشتہی اور ہاضم ہے قبض اور ضعفِ معدہ کی شکایت رفع کرتا ہے ÷

مقدار خوراک ۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ جوارش کمونی ÷

سفوف فولاد برادہ فولاد ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۔ ہلیلہ کابلی ۲ تولہ ۔ آملہ خشک ۲ تولہ ۔ بادیان ۲ تولہ ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ ۔ بہیڑا ۲ تولہ ۔ نمک لاہوری تولہ ۔ نمک سانبھر تولہ ۔ نمک منہاری تولہ ۔ نمک شور تولہ ۔ ست گلو ۲ تولہ ۔ برادہ فولاد نصف وزن ادویہ حسب معمول سفوف بنادیں ÷

افعال و منافع ۔ خون کو صاف کرتا اور بدن کو قوی کرتا ہے ۔ بھوک خوب لگاتا ہے ۔ ہاضم طعام اور مقوی معدہ ہے ۔ بواسیر کا خون بند کرتا ہے ÷

مقدار خوراک ۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ ÷

سفوف سُرخ گیرو تولہ ۔ پھٹکڑی بریاں تولہ پیس کر اس میں ۲ تولہ کچی کھانڈ ملا کر محفوظ رکھیں ÷

افعال و منافع ۔ سوزاک میں بہت فائدہ کرتا ہے ۔ سوزشِ بول کو دُور کرتا ہے ۔ ریم آنے کو روکتا ہے ÷

مقدار خوراک ۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ مدرات مناسب و شربت بزوری ÷

سفوف صندل ذیابطیس والا صندل سفید یک درم ۔ نشاستہ ۔ کتیرا ۔ تخم کاہو ۔ تخم خرفہ ہر ایک ۳ درم ۔ صمغ عربی ۔ گل ارمنی ۔ گلنار ۔ سماق منقی ۔ بلوط ہر ایک ۵ درم کوٹ چھان کر تیار کریں ÷

افعال و منافع ۔ ذیابیطس کے لئے مفید ہے ÷

مقدار خوراک ۔ بقدر ضرورت ÷

شربت اعجاز عناب ۲۰ دانہ ۔ سپستان ۶۰ دانہ ۔ کتیرا ۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ بہدانہ ایک تولہ ۵ ماشہ ۔ اصل السوس ۔ تخم خطمی ۔ تخم خبازی ۔ گل نیلوفر ۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲ تولہ ۴ رتی ۔ برگ اڑوسہ آدھ سیر ۔ قند سفید ایک سیر ۔ صمغ عربی اور کتیرا کے علاوہ دواؤں کو جوش دے کر صاف کر لیں ۔ اور بطریق معروف قند سفید ملا کر قوام کریں ۔ اور پھر صمغ عربی اور کتیرا پیس کر ملالیں ÷

افعال و منافع ۔ خشک کھانسی کے لئے نافع ہے ۔ سل اور دق میں بہت مفید ہوتا ہے ÷

مقدار خوراک ۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ ÷

۳۔ **طلائے ماہی**۔ ماہی سیاہ۔ ماہی سفید۔ ماہی سُرخ ہر ایک ایک ایک عدد۔ کچلہ۔ عرق سک ہر ایک ۲ تولہ تین روز تک شراب میں پڑا رہنے دیں۔ عقرقرحا۔ قرنفل۔ اسگند ناگوری۔ سلاجیت۔ افیون۔ جوز بوا ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے چربی شیر میں گداختہ کریں۔ اور تمام ادویہ خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔ رات کو ۲ رتی لے کر سوتے وقت سر سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور اوپر سے بنگلہ پان باندھ دیں۔

افعال ومنافع۔ بچپن کی بد اعتدالی ایام شباب کی غلط کاری کا ازالہ کرتا ہے۔ اگر کسی اور وجہ سے بھی قوت میں کمی آگئی ہو۔ تو دُور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک۔ ۲ رتی لے کر رات کو سوتے وقت سر سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اوپر سے بنگلہ پان باندھ دیں۔

۴۔ **طلا ہیرے والا**۔ سم الفار زرد مومیا ۳ تولہ۔ کشتہ طلا ماشہ۔ سفوف الماس ۲ رتی۔ سیماب ۱ تولہ سب کو تین روز تک برابر عرق لیموں میں اچھی طرح سحق کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ اور حسب دستور استعمال کریں۔

(نوٹ) سم الفار مومیہ۔ ڈیڑھ سیر چرچٹہ کی راکھ کو صافی میں رکھ کر ایک سوراخدار گھڑے میں ڈالیں اور ۹ سیر پانی لے کر قطرہ قطرہ اس راکھ پر ڈالیں۔ گھڑے کے نیچے برتن رکھیں۔ تاکہ نکو رہ پانی مقطر ہو کر نیچے کے برتن میں جمع ہوتا جائے اس طرح مکرر سہ کرر کریں۔ حتیٰ کہ پانی کا رنگ سُرخ ہو جائے۔ اور وہ وزن میں تین پاؤ رہ جائے۔ پھر تین تولہ سم الفار زرد لے کر ہلکی آگ پر رکھیں۔ اور یہ پانی قطرہ قطرہ ڈال کر اس میں جذب کریں۔

کشتہ طلا۔ ورق طلا ۶ ماشہ۔ گل کچنال سفید پاؤ بھر کی ٹکی میں رکھ کر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

سفوف الماس۔ الماس کے ریزے لے کر آہستہ آہستہ کوٹ کر باریک کریں۔ اس بات کی خاص حفاظت رکھیں۔ کہ کوئی ریزہ اُڑ کر منہ۔ حلق یا آنکھ میں نہ پہنچ جائے۔

سیماب مصفیٰ۔ پانچ تولہ سیماب کو ایک روز عرق لیموں میں کھرل کریں۔ پھر ہلکی آنچ پر جوہر اُڑا لیں جوہر کیسے کر پھر اسی طرح کھرل کر کے اُڑا لیں۔ حتیٰ کہ ایک تولہ رہ جائے۔

افعال ومنافع۔ غائت درجہ مبہی ہے۔ عضو مخصوص کے نقائص کو دُور کرتا ہے۔

مقدار وترکیب استعمال۔ ایک گولی شبنم یا آب شیرہ (باسی پانی) میں گھس کر حسب معمول حشفہ سیون چھوڑ کر طلا کریں۔ اور اوپر سے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ زیادہ سے زیادہ ۱۵۔۲۰ یوم تک استعمال کریں۔ دانے پیدا ہو جانے پر اس کا استعمال ترک کر دیں۔

۴۔ **طلا جدید**۔ (نسخہ) سم الفار ۲ تولہ۔ شیر آک ۵ تولہ۔ بیر بہوٹی۔ جاوتری۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ جوز بوا

ہر ایک ۶ تولہ۔ مشک۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ ۸ ماشہ۔ روغن گاؤ ایک سیر ؎

افعال وخواص۔ مجلوق اور ضعیف الباہ اشخاص کے لئے بہت ہی مفید ہے کمزوری کو دُور کر کے اعصاب میں طاقت پیدا کرتا ہے۔ بڑے عمر کے لوگ اس کا استعمال کر کے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں ؎

۲۵ **طلائے سُرخ** (نسخہ) شنگرف ا تولہ۔ جمالگوٹہ ا تولہ۔ موم ۴ تولہ۔ سم الفار ۲ تولہ۔ مسکہ ۱۲ تولہ ؎

ترکیب۔ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ جب غلیظ ہو جائے تو محفوظ رکھیں ؎

افعال وخواص۔ کجی۔ لاغری۔ استرخا اور عضو مخصوص کی تمام عام خرابیوں کو فائدہ کرتا ہے۔ سیون اور حشفہ چھوڑ کر شب کو سوتے وقت ایک رتی مالش کریں۔ اور اوپر سے بنگلہ پان باندھ کر کچے سُوت سے لپیٹ دیں یہ طلا اُبھار نہیں کرتا۔ لیکن اگر دانے نکل آئیں۔ اور کچھ سوزش محسوس ہو۔ تو اس کا استعمال روک دیں اور چنبیلی کے تیل کی مالش کریں۔ جب شکایت رفع ہو جائے۔ تو پھر استعمال شروع کر دیں ؎

پرہیز۔ سرد پانی اور مجامعت سے پرہیز لازمی ہے ؎

۲۶ **عرق مطبوخ** پوست درخت نیم ۱۰ تولہ۔ پوست درخت کچنال ۱۰ تولہ۔ بیخ حنظل ۱۰ تولہ۔ پھلی ببول ۱۰ تولہ کنائی خورد مع برگ و بار ۱۰ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۱۰ تولہ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی پانی باقی رہے۔ چھان کر محفوظ رکھیں ؎

افعال ومنافع۔ تمام سوداوی امراض۔ فساد خون۔ آتشک۔ وجع مفاصل وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ مواد سوداوی کو جسم کے اندر سے دستوں کی راہ خارج کر کے جسم کو پاک و صاف کرتا ہے ؎

مقدار خوراک۔ ایک بوتل کی سات خوراک بنا کر روزانہ صبح کو ایک خوراک پئیں۔ اس سے دست آئینگے ہر دست کے بعد عرق کہو۔ عرق بادیان نیم گرم کر کے پیتے رہیں۔ تیسرے پہر کو مونگ کی دال کھچڑی کھائیں۔ اسی طرح سات روز پورے ہو جائیں۔ اگر پیچش ہو جائے۔ تو عرق کا پینا موقوف کر دیں۔ اور جب آرام ہو جائے پھر پینا شروع کر دیں ؎

۲۷ **عرق ماء اللحم خاص** سنبل الطیب ۴ تولہ۔ ساذج ہندی ۴ تولہ۔ بہمن سفید ۴ تولہ۔ الائچی خورد ۴ تولہ الائچی کلاں ۴ تولہ۔ قرنفل ۴ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ عود خام ۴ تولہ۔ پوست ترنج ۴ تولہ۔ گاؤزبان ۴ تولہ بوزیدان ۴ تولہ۔ اشنہ ۴ تولہ۔ صندل سفید ۴ تولہ۔ بادرنجبویہ ۴ تولہ۔ تخم فرنجمشک ۴ تولہ۔ گل گاؤزبان ۴ تولہ۔ کشنیز خشک ۴ تولہ۔ زرنباد ۴ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ درونج ۴ تولہ۔ مصطگی ۴ تولہ۔ سعد کوفی ۴ تولہ۔ ثعلب مصری ۹ تولہ۔ شقاقل مصری ۹ تولہ۔ گل سُرخ ۹ تولہ۔ ابریشم مقرض ۹ تولہ۔ قضیب گاؤ ۳ تولہ گوشت حلوان ۲۴ سیر۔ بٹیر ۱۲ عدد۔ عرق بیدمشک ۶ سیر۔ عرق گاؤزبان ۹ سیر۔ انگور ۱۲ سیر۔ سیب ۴ سیر۔ بہی ۲ سیر۔ ریگ ماہی ۲ سیر۔ ماہی روبیان ۳ سیر۔ جھینگا مچھلی خشک یا تازہ ۶ سیر۔ عنبر ۱/۲ تولہ مشک ۱/۲ تولہ۔ چوزہ مرغ ۴۱ عدد۔ سانڈہ ۱۰ عدد تمام گوشتوں کی یخنی تیار کر کے اوپر کی دوائیں اس میں

شامل کرکے ۸۰ بوتل عرق کشید کریں ؞

افعال و منافع - اعضائے رئیسہ اور ارواح کی تقویت کے لئے خاص چیز ہے۔ تمام جسمانی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ مقوی باہ ممسک اور مفرح ہے۔ دل کو مسرور اور طبیعت کو بشاش رکھتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے اور چہرہ کے رنگ کو نکھارتا ہے ؞

مقدار خوراک - ۵ تولہ عرق ادویات کے ساتھ استعمال کریں ؞

عرق عنبر مشک - ۲۰ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ مصطگی ۹ ماشہ۔ برگ ریحان تازہ۔ سعد کوفی۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ انیسون۔ درونج عقربی۔ زرنباد۔ پوست بیرون پستہ۔ عود غرقی۔ کباب چینی۔ اشنہ۔ سنبل الطیب۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل۔ دارچینی۔ ساذج ہندی۔ قرنفل۔ بوزیدان۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ عود ہندی۔ پوست اترج۔ ابریشم مقرض۔ صندل سفید ہر ایک ۲۲۰ ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ آب سیب دو سیر۔ آب انار ترش ا سیر۔ عرق گاؤزبان ۲ سیر۔ عرق بید مشک ۲ سیر۔ عرق بادرنجبویہ ۲ سیر۔ عرق گلاب ۵ سیر جو دوائیں کوٹنے کی ہیں ان کو کوٹ کر رات کو عرقیات میں بھگوئیں۔ صبح آب سیب۔ آب انار ترش ہر ایک ایک ایک سیر اضافہ کریں۔ اور زعفران عنبر و مشک پوٹلی میں باندھ کر نیچہ کے منہ کے اندر رکھیں۔ اور ۲۵ بوتل عرق تیار کریں ؞

افعال و منافع - مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ غشی میں مفید ہوتا ہے۔ بواسیر اور خون حیض کی کثرت سے جو ضعف پیدا ہوتا ہے۔ اسے دور کرکے قوت بحال رکھتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے ؞

مقدار خوراک - ۷ تولہ ہمراہ ادویات مناسبہ ؞

عرق مرکب مصفی خون - برگ نیب۔ پوست نیب۔ پوست بکائن۔ برگ بکائن۔ پوست کچنال۔ پوست مولسری۔ دودھی خورد۔ برگ بھنگرہ سیاہ۔ شاخ برگ جوانسہ۔ پوست گوار۔ برگ حنا۔ منڈی۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ دھمایا۔ چوب بجیسار۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ مجیٹھ۔ برگ بید سادہ۔ برادہ چوب شیشم ہر ایک ۱۰ تولہ تمام ادویہ کو ۴۲ سیر پانی میں ایک رات دن تر رکھیں۔ بعدہٗ ۲۱ سیر عرق کھینچیں۔ بعض وقت تخم نیب۔ تخم بکائن۔ تخم شاہترہ۔ تگر۔ افتیمون۔ ساذج ہندی گلوئے سبز۔ عناب۔ خس۔ چرائتہ ہر ایک ۱۰ تولہ اضافہ کرتے ہیں ؞

افعال و منافع - خون صاف کرتا ہے۔ پھوڑے پھنسیوں کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ چہرے کا رنگ نکھر آتا ہے۔ سوزاک اور آتشک میں بھی مفید ہے ؞

مقدار خوراک - ۴ تولہ ؞

عرق ماء الجبن - پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ برگ بکائن۔ پوست بکائن۔ پوست نیم۔ تخم نیم۔ تخم گل بیجابھار۔ گاؤزبان ۳ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی۔ ہرن کھری۔ مغز تخم تمر ہندی۔ مغز تخم آلہ مقشر

پوست ہلیلہ۔ کشنیز خشک۔ پوست درخت مولسری۔ گل سبز ہر ایک ۱۰ تولہ۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ برگ حنا۔ ابریشم۔ برادہ صندل سرخ و سفید۔ برادہ شیشم۔ عنب الثعلب خشک۔ گل سرخ۔ پوست بیخ جھربیری۔ پوست بیخ بہیڑہ۔ بیخ بھنگ۔ برگ چنبیلی۔ برادہ آبنوس۔ عناب۔ بیخ نے شکر ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز فلوس آدھ سیر۔ ماءالجبن پاؤ سیر۔ کشمش پاؤ سیر۔ سب کو ۱۵ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو ۴۰ بوتل حسب معمول عرق کھینچیں ؛

افعال و منافع۔ مفرح۔ مسکن اور مصفی خون ہے۔ سوداوی بیماریوں میں نہایت نافع اور سودمند ہے ؛

مقدار خوراک۔ ۱۰ تولہ ؛

قرص کشتہ مرجان۔ مٹی کے آبخورہ میں مرجان کی شاخیں ڈال کر اوپر سے عرق گھیکوار اتنا ڈالیں کہ مرجان چھپ جائے پھر گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ بعدازاں عرق گلاب میں ۱۲ گھنٹے کھرل کرکے اسی طرح آنچ دیں۔ اور نکال کر قرص بنائیں ؛

افعال و منافع۔ دماغ کو قوی کرتا ہے۔ جریان۔ رقت اور سرعت کی شکایت کے لئے مفید ہے۔ نزلہ۔ زکام۔ کھانسی اور نفث الدم کے لئے بھی سودمند ہے ؛

مقدار خوراک۔ ۲ چاول ہمراہ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ ماشہ یا دیگر بدرقہ مناسب کے ساتھ ؛

قرص کشتہ خبث الحدید۔ ایک سیر خبث الحدید لوہار کی بھٹی میں گرم کرکے ۲۱ دفعہ گائے کے پیشاب اور دوغ ترش (لسی) میں بجھائیں۔ پھر اسے صاف کرکے باریک کوٹ لیں۔ اور پانی سے اتنا دھوئیں کہ چمکنے لگے۔ اس کے بعد اسے کپڑے میں چھان کر چار پہر تک سونڈی بوٹی کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر ترپھلے کے پانی میں تر کریں۔ خشک ہونے پر آب لیموں اور آب انار میں ایک ایک بار تر و خشک کریں۔ اور پھر دوبارہ ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں تر اور خشک کریں۔ اب باریک کھرل کرکے پانی میں ڈالیں۔ اگر تیرنے لگے تو خیر ورنہ پھر اسے ایک بار ہاتھی سونڈی کے پانی میں تر کریں۔ اور کوزہ گلی میں رکھ کر تیز سرکہ سے تر کریں۔ اور گل حکمت کرکے کمہار کی بھٹی میں کچے برتنوں کے ساتھ رکھ دیں۔ اور سرد ہونے پر تیزاب گندھک سے تر کرکے پھر آگ دیں شنگرفی رنگ کا کشتہ ہوگا ؛

افعال و منافع۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر۔ استسقا۔ یرقان اور کمی خون کی شکایت کیلئے نہایت مفید ہے ؛

مقدار خوراک۔ ایک رتی صبح شام ہمراہ مکھن یا دیگر بدرقہ مناسب ؛

قیروطی آرد کرسنہ۔ آرد کرسنہ ۵ ماشہ۔ آرد حلبہ ۵ ماشہ۔ شونیز ۷ ماشہ۔ اصل السوس ۷ ماشہ۔ عاقرقرحا ۵ ماشہ موم کو روغن سوسن یا ناردین بقدر ضرورت میں گداختہ کریں۔ اور تمام ادویہ کوٹ چھان کر اس میں ملا کر مثل مرہم کے قیروطی تیار کریں ؛

افعال و منافع۔ پسلی اور سینہ کے درد یعنی ذات الجنب اور نمونیا میں بہت مفید ہے۔ ورم کو تحلیل کرتی ہے

مقدار خوراک۔

۴۴ قرص جواہر مہرہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱؎ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی۔ بسد۔ لاجورد مغسول۔ یاقوت سُرخ۔ یاقوت کبود۔ یاقوت اصفر۔ یشب سبز۔ زمرد۔ عقیق سُرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ ورق طلا۔ جدوار خطائی۔ ناریل دریائی۔ عنب الثعلب۔ مشک۔ مومیائی ہر ایک ۳۔ ماشہ۔ عرق گلاب میں دو ہفتہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں ؛

افعال و منافع۔ کمزوری دُور کرتا ہے۔ دل و دماغ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔

مقدار خوراک۔ ۲ چاول خمیرہ گاؤزبان جواہر والا ۵ ماشہ یا لبوب کبیر ۵ ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱ تولہ کیساتھ دیں

۴۵ قرص اُسرب۔ سیسہ کو باریک سوہان کر کے آب گُل عباسی میں خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے آب کوکنار میں دو پہر تک کھرل کر کے کوزۂ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور پانچ سیر اوپلوں کی آگ میں پھُونک لیں۔ اس کے بعد ۵ تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے بدستور تین سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اور پھر اسی طرح لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا ؛

افعال و منافع۔ ضعف باہ۔ جریان۔ سوزاک کے لئے مفید اور کھانسی کے واسطے مجرب ہے ؛

مقدار خوراک۔ ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسب ؛

۴۶ قرص کڑاہی والا۔ گندھک۔ شورہ قلمی ہر ایک ایک تولہ دونوں کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں۔ اور ایک دوسری کڑاہی اس پر ڈھک کر دونوں کو گل حکمت کریں۔ پھر زیگدان پر رکھ کر نیچے ہلکی ہلکی آنچ دیں۔ جب مائدہ کی طرح ہو جائے۔ تو اُتار کر بریاں کی ہوئی پھٹکڑی ایک تولہ کا سفوف ملا لیں ؛

مقدار و ترکیب استعمال۔ خوراک ۱۔ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ کھلائیں ؛

۴۷ قرص سرطان۔ سرطان محرق ۲۔ تولہ۔ طباشیر۔ کہربا۔ پوست خشخاش (ریوداده) کافور۔ سنگجراحت۔ گلِ ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ۔ گُل سرخ۔ رب السوس۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ تخم خرفہ بریاں ہر ایک ۹ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ کے ساتھ اقراص بنائیں ؛

افعال و منافع۔ سل۔ دق۔ نفث الدم کے لئے مفید ہے۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے ؛

مقدار خوراک۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ ؛

۴۸ کشتہ طلا خوردہ۔ برادہ اشرفی ایک عدد۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ بُرادہ اشرفی کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں ؛

افعال و منافع۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا اور قوت بڑھاتا ہے ؛

حکیم علی ضیاء

مقدار خوراک ۔ ایک چاول ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۴ تولہ استعمال کریں ۔

۴۶ **کشتہ فولاد** ۔ برادہ فولاد جوہر دار کو تین روز تک کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں ۔ اور قرص بنا کر ایک موٹی مولی میں سوراخ کر کے وہ قرص اس میں رکھ دیں ۔ اور مولی کے اجزا سے اس کا سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں ۔ اور ۵ اسیر اوپلوں کی آنچ دیں ۔ بعد ازاں نکال کر ۴ گنا آب لیموں میں پھر کھرل کر کے اسی طرح مولی میں رکھ کر آگ دیں ۔ اسی طرح کم از کم چالیس مرتبہ کریں ۔ اگر زیادہ بار کریں تو اور بہتر ہے ۔

افعال و منافع ۔ مقوی معدہ و جگر ہے ہضم میں معین ہوتا اور خون صالح پیدا کر کے جسم کو فربہ کرتا اور چہرے کو بارونق بناتا ہے ۔ نیز مبہی و مشتہی ۔

مقدار خوراک ۔ ایک رتی الائچی خورد کے ہمراہ مسکہ میں یا جوارش جالینوس ۷ ماشہ کے ساتھ دیں ۔

لعوق نزلی آب تربوز والا ۔ تخم خشخاش ۱۴ ماشہ ۔ صمغ عربی ۱۴ ماشہ ۔ کتیرا ۱۴ ماشہ ۔ نشاستہ ۱۴ ماشہ مغز تخم کدو شیریں ۵۰ ماشہ ۔ مغز تخم خیارین ۵۰ ماشہ ۔ تخم خرفہ ۵۰ ماشہ ۔ تخم کاہو مقشر ۵۰ ماشہ ۔ مغز بادام شیریں ۳ تولہ ۔ روغن بادام شیریں ۲ تولہ ۔ ترنجبین ۱۵ تولہ ۔ ترنجبین کو آب تربوز بقدر ضرورت میں حل کریں ۔ اور صاف کر کے قوام کریں ۔ ادویہ کوٹ پیس کر باریک کر کے اس میں گوندھیں ۔ اور روغن بادام شامل کر کے محفوظ رکھیں ۔

افعال و منافع ۔ نزلہ ۔ سل ۔ دق اور خشک کھانسی کے لئے نہایت سود مند ہے ۔

مقدار خوراک ۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۔ ۴ تولہ عرق ہرا بھرا ۴ تولہ عرق شیر مرکب ۴ تولہ شربت اعجاز ۲ تولہ ۔

لعوق حب الصنوبر ۔ حلبہ کو پانی میں بھگو کر مقشر کر لیں ۔ بعدہٗ کوٹ پیس کر شیرہ لے کر عسل سفید دو وزن میں اس کو جوش دیں ۔ تاکہ غلیظ ہو جائے ۔ اور حلبہ کے مساوی مغز چلغوزہ مقشر بہت نرم کوٹ کر ملا لیں اور چند جوش دے کر کام میں لائیں ۔

افعال و منافع ۔ پرانی کھانسی ۔ دمہ اور بحۃ الصوت و خفقان رطوبی کے لئے مفید ہے ۔

مقدار خوراک ۔ حسب ضرورت ۔

معجون بواسیر ۔ کہربا ۶ ماشہ ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ ۔ انیس تولہ ۔ نشاستہ تولہ (بریاں) حب الآس تولہ ۔ تباشیر خطائی تولہ ۔ کشنیز (بریاں) تولہ ۔ بیخ انجبار تولہ ۔ طراثیث تولہ ۔ رال تولہ ۔ مغز نبب تولہ ۔ سعد کوفی تولہ زیرہ سفید تولہ (در سرکہ پروردہ) بریاں ۔ طباشیر ۲ تولہ کوٹ چھان کر دو چند شربت حب الآس میں معجون تیار کریں ۔

افعال و منافع ۔ اسہال بواسیری کو روکنے کے لئے نہایت سود مند ہے ۔

مقدار خوراک۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔

معجون جالینوس لولوی مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ۔ بُسد ۴ ماشہ۔ فقاح اذخر ۲ ماشہ۔ سعد کوفی ۲ ماشہ۔ کرمازج ۲ ماشہ۔ سلیخہ ۲ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ اسارون ۲ ماشہ۔ مصطگی ۲ ماشہ۔ انیسون ۱۰ ماشہ۔ بہمن سفید ۱۰ ماشہ۔ کاکنج ۳۰ ماشہ۔ بیخ لبلاب ۳۰ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۰ ماشہ۔ کتیرا ۱۰ ماشہ۔ موتیوں کو گلاب میں کھرل کریں۔ اور بُسد کو پیسیں باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں ملاکر معجون بنادیں۔ سرما میں کشتہ طلاء ۲ چاول۔ ماءاللحم خاص ۵ تولہ۔ گرما میں عرق بیدمشک ۷ تولہ کے ہمراہ دیں۔

افعال ومنافع۔ مردانہ قوت اور مرد کی عظمت کو قائم رکھتی ہے۔ خواہش کو بڑھاتی ہے۔ مقوی اعضاء ہے۔ عضو تناسل کو قوی اور سخت کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے خون صالح پیدا ہوتا ہے۔ کمزوری رفع ہوکر اعضائے تناسل زائل شدہ قوتوں کا اعادہ ہوجاتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔

مقدار خوراک۔ ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ۔ سرما میں کشتہ طلاء ۲ چاول۔ ماءاللحم خاص ۵ تولہ۔ گرما میں عرق بیدمشک ۷ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

معجون کلاں مسلم مصطگی۔ ملک البطم۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ عنبر اشہب ہر ایک نیم مثقال۔ مروارید۔ کہربائے محرق۔ کرمازج۔ گل پستہ۔ گُل سپاری۔ شہدانج۔ بسباسہ۔ عود صلیب۔ خولنجان۔ طباشیر۔ کتیرہ سفید شستہ۔ جفت بلوط۔ صمغ عربی۔ صمغ سنبل۔ صمغ سپاری۔ صمغ مغیلاں۔ بہمن سفید۔ بہمن سُرخ۔ شقاقل مصری۔ گلنار فارسی۔ پوست بیخ مغیلاں۔ کشنیز خشک۔ خصیۃ الثعلب۔ خرفہ۔ آملہ منقی۔ صندل سفید۔ آردبلوط ہر ایک ایک مثقال۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حبۃ الخضرا۔ تخم خشخاش۔ تخم خرفہ شستہ۔ پوست بلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ سیاہ بریان۔ غنچہ گُل سُرخ ہر ایک ۲ مثقال۔ مویز منقی۔ شربت فواکہ شیریں۔ شربت گُل۔ گلاب ہر ایک ۱۰ مثقال۔ نبات سفید ۳۰ مثقال۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب انار شیریں۔ آب امرود ہر ایک ۴۰ مثقال معجون بنائیں خوراک ۵ ماشہ۔

افعال ومنافع۔ مقوی باہ ہے۔ سیلان رطوبت رحم اور جریان کے لئے نہایت مفید اور زود اثر ہے۔ مقدار خوراک۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔

معجون سپاری مقوی مجیٹھ ۱۰ تولہ۔ سپاری ۲۰ تولہ۔ چھوہارے ۴۰ تولہ سب کو ۱۰ سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ جب کھوئے کے مانند ہوجائے۔ تو پیس کر علیحدہ رکھیں۔ اس کے بعد آرد مونگ ۱۰ تولہ۔ گوند بریاں۔ نشاستہ بریاں ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام برشتہ ۴۰ تولہ جُدا رکھیں۔ اور روغن زرد ایک سیر۔ قند سفید ۲۱/۲ سیر کا قوام کریں اور نشاستہ۔ آرد مونگ کو اس میں بھون کر مغز بادام اور گوند ملائیں۔ پھر گوکھرو ۴۰ تولہ۔ پنیا گوند۔ نارجیل ہر ایک ۲۰ تولہ۔ ثعلب مصری

دارچینی۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ زنجبیل ہر ایک ۲ تولہ ۸ ماشہ۔ گل پستہ۔ گل بیاری ہر ایک ۳ ماشہ۔ جوز بویہ ۲ تولہ۔ چھال کچنال۔ چھال کیکر۔ چھال سنگاہولی ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر سب کو کھوئے میں ملالیں۔ اور زعفران ۲ تولہ اور مشک ۲ ماشہ اضافہ کرکے معجون تیار کریں ؂

افعال و منافع۔ قوت باہ کو قوی کرتی ہے۔ رقت اور سرعت کے ازالہ کے لئے مفید ہے۔ استقرار حمل میں مدد دیتی ہے۔ جریان مستورات کی خاص دوا ہے ؂

مقدار خوراک ۱ تولہ ؂

۵۲ معجون حمل عنبری والا۔ عنبر ۲ تولہ۔ مروارید۔ کہربا۔ بسد محرق۔ صندل سفید و سرخ۔ طباشیر۔ مازو۔ درونج عقربی۔ عود صلیب۔ ابریشم خام مقرض۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم پیٹھہ۔ تخم خرفہ ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ۲۰ عدد۔ شہد خالص ۱۵ تولہ۔ شربت انگور ۲ تولہ۔ نبات سفید اچھا ایک ۱ تولہ۔ سب ادویہ کوٹ چھان کر شہد اور نبات کے قوام میں ملاویں ؂

افعال و منافع۔ اسقاط حمل کی شکایت دور کرنے کے لئے اکسیر صفت ہے۔ اگر بچہ ام الصبیان میں مبتلا ہوکر ضائع ہوجاتا ہو۔ تو اس کے واسطے بھی نہایت سود مند ہے۔ تیسرے ماہ سے اس کا استعمال شروع کریں۔ جنین تمام آفات سے محفوظ رہیگا ؂

مقدار خوراک۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ؂

۵۰ ماء الذہب۔ تیزاب۔ شورہ تین حصے۔ تیزاب نمک ۴ حصے ان دونوں کو ایک بڑی بوتل میں ڈالکر ملالیں۔ مگر اس کے منہ کا کچھ حصہ کھلا رہنے دیں۔ پھر اس میں سے ایک تولہ لے کر اس میں ۶ ماشہ سونا ڈالدیں۔ کچھ عرصہ میں سونا حل ہوجائیگا۔ اس کے بعد اس محلول میں تین تولے پانی ملالیں ؂

افعال و منافع۔ ضعف باہ۔ ضعف عامہ اور ضعف اعضائے رئیسہ میں نہایت مفید ہے ؂

مقدار خوراک۔ ۵ قطرے ماء اللحم عنبری ۵ تولے یا عرق گاؤزبان ۱۰ تولے میں ملاکر پلائیں ؂

۵ مالیخ لسنت۔ نسخہ کہربائے شمعی ۵ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلا ہر ایک ۶ ماشہ ان سب دواؤں کو سفوف کرکے مسکہ گاؤ بقدر حاجت ؂

افعال و خواص۔ یہ ایک قابل قدر دوا ہے۔ ضعف معدہ اور ضعف امعا کی شکایت رفع کرکے انہیں طاقتور بناتی ہے۔ ضعف معدہ کی وجہ جو دست آتے ہیں ان کو بند کرتی ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ اور مشتہی ہے۔ تپ دق میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ ریاح بواسیر کے لئے اکسیر ہے ؂

خوراک۔ نصف رتی سے ایک رتی تک۔ ضعف معدہ و امعا میں معجون سنگدانہ مرغ ۳ ماشہ اور تپ دق میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں ؂

معجون مقوی مسک سادہ۔ نسخہ مشک خالص ۷ ماشہ۔ عنبر اشہب ۴ ماشہ۔ دارچینی۔ مصطگی۔ جوز بوا۔

سنبل الطیب۔ عود خام۔ بزرالبنج سفید۔ کبابہ۔ زعفران۔ ورق الخیال ہر ایک ۹ ماشہ۔ بادیہ شتر اعرابی ۱ تولہ۔ پوست خشخاش۔ شاہ بلوط ہر ایک ایک تولہ ۱۰ تولہ حب النیل سفید ۴۰ عدد نبات سفید ۱۱ تولہ ۲ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حب النیل کو ایک رات دن روغن بادام میں تر کر کے محفوظ رکھیں۔ پھر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد اور نبات کے قوام میں شامل کر کے معجون بنائیں۔

افعال و خواص۔ مقوی ممسک مفرح اور ملذذ ہے کمزوری پیدا نہیں ہونے دیتی۔

مقدار خوراک۔ نصف ماشہ یہ معجون شب کو سوتے وقت گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

معجون نقرہ۔ (نسخہ) مشک خالص ایک ماشہ عنبر اشہب ۴ ماشہ۔ کہربا۔ بسد احمر۔ یشب سبز۔ مروارید ناسفتہ۔ طباشیر سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۲ تولہ۔ آب سیب ولایتی ۱۰ تولہ مصری ۲۰ تولہ۔ گلاب ۴ تولہ۔ بیضہ مرغ ۴ عدد۔ جواہر کو گلاب میں کھرل کریں اور ابریشم کو خوب کوٹ کر باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں۔ آب سیب گلاب اور مصری کا قوام کریں اور پہلے عنبر اشہب حل کریں اور چاندی کے ورق ایک ایک ڈال کر خوب حل کریں جب ورق حل ہو جائیں۔ تب جواہر۔ ابریشم اور مشک ڈال کر ملائیں اور انڈے کی سفیدی ڈال کر حل کر کے محفوظ رکھیں۔

افعال و منافع۔ مقوی دل و دماغ اور مقوی باہ ہے حرارت غریزی کو بڑھاتی۔ خفقان و وحشت کو دور کرتی اور قوت بحال رکھتی ہے۔

مقدار خوراک۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔